سوال

(465) حمل کے آخری مراحل میں ہمبستری کرنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

میری بیوی حمل کے آخری مرحلہ میں ہے، کیا اس حالت میں اس سے ہم بستری کرنا جائز ہے، کتاب وسنت کے مطابق میری راہنمائی کریں؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

انسان، دوران حمل اپنی بیوی سے جب چاہے ہم بستری کرسکتا ہے۔ کتاب وسنت میں اس کے متعلق کوئی ممانعت نہیں لیکن اگر ایسا کرنے سے کسی قسم کے نقصان کا اندیشہ ہو تو یہ فعل حرام ہے۔ اگر نقصان کا اندیشہ نہیں البتہ تکلیف اور مشقت ہو تو اس صورت میں بہتر ہے کہ ہم بستری نہ کی جائے کیونکہ بیوی کو مشقت میں ڈالنا حسن معاشرت کے خلاف ہے جس کا اللہ تعالیٰ نے ہمیں حکم دیا ہے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے: ’’اوران عورتوں سے احسن انداز میں معاشرت اختیار کرو۔‘‘[1]

بہر حال صورت مسؤلہ میں دوران حمل آدمی اپنی بیوی سے ہم بستری کرسکتا ہے بشرطیکہ کسی قسم کے نقصان کا خطرہ نہ ہو اور اگر اس سے بیوی تکلیف محسوس کرے تو بھی اس سے اجتناب بہتر ہے۔ (واللہ اعلم)

---

[1] النساء: ۱۹۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ اصحاب الحدیث

جلد4۔ صفحہ نمبر:409